روزنامہ جنگ راولپنڈی منگل 8 نومبر 2016ء

## فیڈرل بورڈ میں تعلیمی اور امتحانی ورکشاپس کا انعقاد

اسلام آباد (جنگ نیوز) وفاقی تعلیمی بورڈ کے زیر انتظام امتحانی امور کی بہتری سے متعلق وفاقی حکومت کے منظور کردہ پراجیکٹ کے تحت بین الاقوامی ورکشاپس کا آغاز ہو گیا ہے۔ وفاقی تعلیمی بورڈ 16 نومبر تک تین تین دن کی تین بین الاقوامی تعلیمی و امتحانی ورکشاپس کا انعقاد کرے گا۔ ان ورکشاپس میں بورڈ سے الحاق شدہ اداروں کے اساتذہ کے ساتھ ساتھ ملک کے بیشتر تعلیمی بورڈز کے اساتذہ کو بھی مدعو کیا گیا ہے۔ ورکشاپس میں لیکچر کیلئے گلاسگو یونیورسٹی، سکاٹ لینڈ کے ماہر تعلیم و امتحانی امور پروفیسر ڈاکٹر نارمن ریڈ کو مدعو کیا گیا ہے۔ وفاقی تعلیمی بورڈ کے چیئرمین ڈاکٹر اکرام علی ملک نے اپنے افتتاحی خطاب میں امید ظاہر کی کہ ان تربیتی ورکشاپس کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔



اسلام آباد، فیڈرل بورڈ کے زیر اہتمام ماسٹر ٹرینرز کی ٹریننگ میں ڈاکٹر نارمن ریڈ لیکچر دے رہے ہیں

روزنامہ نوائے وقت راولپنڈی/اسلام آباد (10) 8 نومبر 2016ء

فیڈرل بورڈ کے زیر اہتمام تربیتی ورکشاپ سے ڈاکٹر نارمن لیکچر دے رہے ہیں، چیئرمین ڈاکٹر اکرام علی ملک بھی موجود ہیں

## وفاقی تعلیمی بورڈ کا امتحانی امور کی بہتری سے متعلق بین الاقوامی ورکشاپس کا آغاز

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی تعلیمی بورڈ کے زیر انتظام امتحانی امور کی بہتری سے متعلق وفاقی حکومت کے منظور کردہ پراجیکٹ کے تحت بین الاقوامی ورکشاب کا آغاز ہو گیا ہے، وفاقی بورڈ سولہ نومبر تک تین تین دن کی کل تین بین الاقوامی و امتحانی ورکشاپس کا انعقاد کرے گا، تفصیلات کیمطابق ورکشاپس میں وفاقی تعلیمی بورڈ سے الحاق شدہ اداروں کے اساتذہ (صفحہ 10 بقیہ 11)

بقیہ ورکشاپ 11

کیساتھ ساتھ ملک کے بیشتر تعلیمی بورڈز کے اساتذہ کو بھی مدعو کیا گیا ہے جس سے ان ورکشاپس کا سلسلہ پورے ملک تک پھیل گیا ہے، ان ورکشاپس میں گلاسگو یونیورسٹی، سکاٹ لینڈ کے بین الاقوامی سطح کے نامور ماہر تعلیم و امتحانی امور پروفیسر ڈاکٹر نارمن ریڈ کو مدعو کیا گیا ہے۔ جو امتحانی امور پر لیکچرز دینگے۔

روزنامہ ایکسپریس 8 نومبر 2016ء

## وفاقی تعلیمی بورڈ کے زیر انتظام امتحانی امور کی بہتری سے متعلق ورکشاپس کا آغاز

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی تعلیمی بورڈ کے زیر انتظام امتحانی امور کی بہتری سے متعلق وفاقی حکومت کے منظور کردہ پراجیکٹ کے تحت بین الاقوامی ورکشاپس کا آغاز 7 نومبر سے ہو گیا ہے۔ وفاقی تعلیمی بورڈ 16 نومبر تک تین بین الاقوامی ورکشاپس کا انعقاد کریگا۔ ان ورکشاپس میں وفاقی تعلیمی بورڈ سے الحاق شدہ اداروں کے اساتذہ کے ساتھ ملک کے بیشتر تعلیمی بورڈز کے اساتذہ کو مدعو کیا گیا ہے، ورکشاپس میں گلاسگو یونیورسٹی، سکاٹ لینڈ کے بین الاقوامی سطح کے نامور ماہر تعلیم و امتحانی امور پروفیسر ڈاکٹر بارمن ریڈ امتحانی امور کے مختلف جدید اور مستعمل جہتوں پر لیکچرز دیں گے۔